# 08-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے اعلان کیا کہ ریاست کو فنڈس اور پراجکٹس مختص کرنے کے معاملہ میں تفریق کے معاملہ کو آئندہ پارلیمنٹ سیشن کے دوران اٹھایا جائے گا اور ایک تحریک التوا بھی پیش کی جائے گی۔

(۲) ریاستی وزیر آب پاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ حادثہ ایک قومی آفت ہے۔

(۳) مرکزی وزیر ریلوے و آئی ٹی اشونی ویشنو کا کہنا ہے کہ ملک کی ترقی میں بیٹری ٹکنالوجی اہم ہے۔

اور

(۴) ہندوستانی خاتون کبڈی ٹیم نے پانچویں مرتبہ ایشین چمپئنز کا خطاب جیتا ہے۔

Vaishnaw_TG:

مرکزی وزیر ریلوے و آئی ٹی اشونی ویشنو نے آج محبوب نگر ضلع کے دیوتی پلی میں گیگا فیکٹری کے پہلے یونٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ فیکٹری کا پہلا یونٹ آٹو موٹیو بیٹری تیار کرنے والی کمپنی امرا راجا بیٹریز کے لیتھیم آیون سیل کی تیاری کا ایک حصہ ہے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے بیٹری ٹکنالوجی کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ اس سے خود مکتفی بھارت کے حصول میں مدد ملے گی۔ انہوں نے بیٹری ٹکنالوجی کو ملک کی ترقی کے لئے اہم قرار دیا۔ اشونی ویشنو نے اس موقع پر اعلان کیا کہ دیوتی پلی ریلوے اسٹیشن کی بہت جلد جدید کاری کی جائے گی۔

(Sound Byte Ashwini vaishnaw)

ویشنو نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران تلنگانہ کے ریلوے بجٹ میں 6 گنا اضافہ ہوا ہے اور انہوں نے مقامی حکام سے کہا کہ وہ جدید کاری کے ڈیزائن فوری طور پر تیار کریں۔ گیگا پلانٹ میں لیتھیم آیون بیٹری تیار کی جائے گی جو کہ ہندوستان کی ضروریات کے مطابق ہوگی اور اسے ای وی مینوفیکچرس اور اسٹیشنری انرجی اسٹوریج اپلی کیشن کو سپلائی کیا جائے گا۔

Kabaddi:

ہندوستانی خاتون کبڈی ٹیم نے پانچویں مرتبہ ایشین چمپئنز کا خطاب جیتا ہے۔ دفاعی چمپئن ہندوستان نے تہران میں منعقدہ چھٹویں ایشین ویمنس کبڈی چمپئن شپ میں میزبان تہران کو 25 کے مقابلہ 32 پوائنٹس سے شکست دی۔ اس ٹورنمنٹ میں ہندوستانی ٹیم ناقابل تسخیر رہی۔ ہندوستان نے پہلے سیمی فائنل میں نیپال کو 18 کے مقابلہ 56 پوائنٹس سے ہراتے ہوئے فائنل میں رسائی حاصل کی تھی۔ وہیں ایران نے بنگلہ دیش کو 18 کے مقابلہ 41 پوائنٹس سے ہراتے ہوئے فائنل میں جگہ بنائی تھی۔

BANDI:

مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے عالم یوم خواتین کے موقع پر اپنے مبارکبادی پیام میں کہا کہ خواتین کا معاشرہ میں اہم کردار ہے۔اپنے ایک بیان میں بنڈی سنجے نے کہا کہ خواتین خاندان اور معاشرہ کی محافظ اور طاقت کا محرک ہیں۔

KAVITHA:

بی آر ایس لیڈر و ایم ایل سی کویتا نے ریاستی حکومت سے پوچھا کہ وہ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے اپنے مقصد پر جامع منصوبہ پیش کرے۔ تلنگانہ بھون میں عالمی یوم خواتین کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ خواتین تحفظات بل کا نفاذ نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو سیاسی طور پر نقصان ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے اس بل کو مردم شماری سے جوڑ کر رکھا ہے۔کویتا نے سابق بی آر ایس حکومت کے مقبول پروگراموں کو برخواست کرنے پر موجودہ حکومت کی نکتہ چینی کی۔

MIM:

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے کہا کہ تلنگانہ سے بی جے کے 8 ارکان پارلیمنٹ ہونے کے باوجود مرکزی حکومت ریاست کو پراجکٹس منظور کرنے میں ناکام رہی ہے جس سے مرکزی حکومت کے تلنگانہ ریاست کے تئیں سوتیلے سلوک کا پتہ چلتا ہے۔ پرجا بھون حیدرآباد میں کل جماعتی اجلاس میں شرکت کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسداویسی نے این ڈی اے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ مخصوص ریاستوں کو ترجیح دے رہی ہے اور تلنگانہ کو نظرانداز کررہی ہے۔اس موقع پر اسداویسی نے کئی پراجکٹوں کی نشاندہی کی جس کے لئے مرکز کی منظوری زیرالتوا ہے۔

RVE. UTTAM:

ریاستی وزیرآب پاشی اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی سرنگ حادثہ ایک قومی آفت ہے۔انہوں نے کہا کہ سرنگ میں پھنسے ورکروں کو بچانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں اور اس کے لئے جدید اور اڈوانسڈ ٹکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔اتم کمار ریڈی نے ایس ایل بی سی سرنگ کا دورہ کیا اور سینئر حکام اور مختلف امدادی ٹیموں کے ہمراہ جائزہ میٹنگ منعقد کی۔ چیف سکریٹری ڈیزاسٹر مینجمنٹ اروند کمار اور آرمی کمانڈنٹ پرکشت مہرا نے ریاستی وزیر کو امدادی سرگرمیوں میں اب تک ہوئی پیشرفت کے بارے میں واقف کروایا۔اس دوران این جی آر آئی کے ماہرین جیولوجیکل سروے آف انڈیا خصوصی ڈاگ ٹیموں کے نمائندے، رائٹ مائنرس، روبوٹیک شعبہ سے جڑے ماہرین نے امدادی سرگرمیوں آرہی رکاوٹوں اور اس سے نمٹنے کے طریقہ کار پر بات کی۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے یقین دلایا کہ مشکلات کے باوجود حکومت تیزی کے ساتھ

ریسکیو آپریشن انجام دینے کے عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے راحت و امدادی سرگرمیوں میں جٹے سبھی ورکروں اور عہدیداروں کو مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

RUN:

عالمی یوم خواتین کے موقع پر حیدرآباد سٹی پولیس نے ایک دوڑ کا اہتمام کیا۔ پیپلز پلازہ نکلس روڈ پر منعقدہ 2k اور 5k دوڑ میں تقریباً 5 ہزار افراد نے حصہ لیا۔ ریاستی وزیر بہبودی خواتین واطفال ڈی انا سویا سیتا اکا اور حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند نے دوڑ کو وجھنڈی دکھائی۔ اس موقع پر سیتا اکا نے کہا کہ عالمی یوم خواتین منانے کا مقصد یہ ہے کہ مردوں اور خواتین میں کوئی تفریق نہ ہو اور سبھی برابر ہو۔ حیدرآباد سٹی پولیس کمشنر سی وی آنند نے تلنگانہ پولیس میں خاتون آفسروں کی ستائش کی۔

BHATTI:

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے اعلان کیا کہ ریاست کو فنڈس اور پراجکٹس مختص کرنے کے معاملہ میں تفریق کے معاملہ کو آئندہ پارلیمنٹ سیشن کے دوران رول 377، وقفہ سوالات، وقفہ صفر کے دوران اٹھانے کے علاوہ ایک تحریک التوا بھی پیش کی جائے گی۔ پرجا بھون حیدرآباد میں کل جماعتی ارکانِ پارلیمان کے ایک اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ اجلاس کے دوران ریاست کو فنڈس اور پراجکٹس کے لئے مرکز کی امداد اور گزشتہ ایک دہائی کے دوران ریاست کو نظرانداز کئے جانے پر بات چیت ہوئی۔ ریاستی وزیر نے اس مسئلہ پر مرکز کی توجہ حاصل کرنے کے لئے ایک تحریک التوا پیش کرنے کا بھی اعلان کیا جس کی اجلاس میں موجود ارکانِ پارلیمنٹ نے تائید کی۔

(Sound Byte Bhatti)

کل جماعتی اجلاس میں 28 موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا جس میں پراجکٹس جیسے میٹرو فیس ٹو، ریجنل رنگ روڈ، گوداوری فیس ٹو کیلئے امرت فنڈس پر بات کی گئی۔ بی جے پی اور بی آر ایس کے ارکان پارلیمان نے اس اجلاس میں شرکت نہیں کی۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے نائب وزیراعلیٰ کو روانہ کردہ ایک مکتوب میں اجلاس میں شرکت نہ کرسکنے کے لئے اپنے پہلے سے موجود مصروفیات کا حوالہ دیا۔

HARISH:

بی آر ایس کے رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت تلنگانہ کی خواتین کے ساتھ جھوٹے وعدے کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے بی آر ایس کے سینئر لیڈر نے کہا کہ تلنگانہ میں خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے وعدے کو پورا نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی خواتین کو جدوجہد کرنے پڑ رہی ہے۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ اندرا حکومت میں خواتین کی مشکلات میں اضافہ ہوا ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے بعض علاقوں میں آئندہ تین دنوں تک صبح کے اوقات میں دھند چھائی رہنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے یہ جانکاری دی۔محکمہ کے مطابق آئندہ دو دنوں تک اعظم ترین درجہ حرارت معمول کے مطابق رہ سکتا ہے۔اس کے بعد آئندہ تین دنوں تک اس میں دو تا تین ڈگری سلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

CONCALVE 2.0:

مرکزی وزارت فشریز کی جانب سے آج حیدرآباد میں فشریز اسٹارٹ اَپ کانکلیو 2.0 منعقد کیا گیا۔مرکزی وزیر فشریز راجیو رنجن سنگھ نے مرکزی وزیر مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ بگھیل اور نیتی آیوگ کے رکن پروفیسر رمیش چندر کے ہمراہ اس کانکلیو کا افتتاح کیا۔محکمہ فشریز کی جانب سے منعقدہ اس کانکلیو کا مقصد اس شعبہ میں اختراعیت کو فروغ دینا ہے۔اس دوران 10 سرکردہ اسٹارٹ اَپ کے لئے گرینڈ چیالنج کی رقم کو ایک کروڑ روپے کیا گیا ہے۔اس دوران این ایف ڈی پی موبائل ایپ بھی لانچ کی گئی۔

OO